# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



## ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ

- سیشن بات چیت سے شروع کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ شرارت کرتے ہیں۔ 6 - 5 بچوں کو موقع دیں کہ وہ اپنی کوئی ایک شرارت مختصر الفاظ میں کلاس کے باقی بچوں کو سنائیں۔ اگر بچے ہچکچائیں تو اپنی کوئی شرارت بیان کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ شرارت اسی وقت تک شرارت ہے جب تک اس سے کسی کو نقصان نہ پہنچے اور وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ ان کی کسی شرارت سے کسی کو تکلیف یا پریشانی نہ ہو۔

20 منٹ

- اب بچوں میں کتابیں تقسیم کریں اور انہیں کتاب کا سرورق (title) دکھائیں اور پڑھ کر سنائیں۔

- بچوں سے پوچھیں بلونگڑا کسے کہتے ہیں۔ اگر کسی بھی بچے کو معلوم نہیں ہو تو ٹیچر بتائیں کہ بلی کے بچے کو پنجابی زبان میں بلونگڑا کہتے ہیں۔

- کہانی پڑھ کر سنائیں۔

- جن بچوں کو اپنی شرارت سنانے کا موقع نہیں ملا ان میں سے 6 - 5 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بھی ساتھ ساتھ بتائیں۔

15 منٹ

- بچوں کو فعل کے بارے میں بتائیں کہ فعل وہ لفظ ہے جو کسی کام کو ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً:
پکڑنا، اچھل کود کرنا، گر پڑنا

- بچے کہانی میں سے 5 جملے ڈھونڈ کر لکھیں جن میں فعل استعمال ہوا ہو۔

- فعل کو underline کریں۔ مثلاً:

بلونگڑا اور تیزی سے اچھلنے لگا۔

# سیشن 2

10 منٹ
- بچوں کی توجہ ہر صفحے پر بنی تصویروں کی طرف دلائیں اور ان سے پوچھیں کہ تصویر میں کیا ہو رہا ہے۔

25 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کہانی میں سے ایسے 10 الفاظ جن میں ھ استعمال ہوا ہے چن کر اپنی کوپی میں لکھیں۔
  - ان میں سے 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔
  - جن بچوں کو جملے بنانے میں مشکل ہو رہی ہو ان کی مدد کریں۔

10 منٹ
- 10 - 5 بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے بنائے ہوئے جملے کلاس کے باقی بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔

# سیشن 3

10 منٹ
- 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

25 منٹ
- بچوں سے کوپی نکلوائیں۔ بورڈ پر سوال لکھیں۔ بچے سوال اپنی کوپی میں اتاریں اور ان کے جواب کتاب میں سے ڈھونڈ کر لکھیں۔

1 علی کا موڈ کیوں خراب تھا؟

2 سعد اور نوری کیا کر رہے تھے؟

3 بلونگڑا کے ساتھ کیا ہوا؟

4 تصویروں میں علی کے کون کون سے کھلونے نظر آ رہے ہیں؟

5 علی، سعد اور نوری کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

10 منٹ
- کام مکمل ہونے کے بعد غلطیوں کی اصلاح کریں۔

# سیشن 4

5 منٹ • بچوں کو بلی کی نظم پڑھ کر سنائیں۔

میں نے بلی پالی ہے
سر سے دم تک کالی ہے

آنکھیں کیا چمکیلی ہیں
کیسی نیلی پیلی ہیں

چپکے سے آ جاتی ہے
ساتھ میرے سو جاتی ہے

جب میں اس کو پاس بلاؤں
دھیرے سے بولے میاؤں میاؤں

30 منٹ • بورڈ پر بلی کا خاکہ بنائیں اور بچوں کے ساتھ مل کر اس میں بلی کے بارے میں نظم لکھیں۔


- بچے اپنی کوپی میں بلی کا خاکہ بنائیں اور خود ایک نظم لکھیں۔

## ہوم ورک

10 منٹ • املا کی تیاری کر کے آئیں۔ بچوں کو املا کے لئے 15-10 الفاظ دیں۔ کچھ الفاظ یہ بھی ہو سکتے ہیں۔

اوڑھے، دھیان، پیٹھ، کھلنے، ٹانگیں، بندھ، لپٹے

# بلی کا خاکہ



# سیشن 5

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - 10 الفاظ کا املا کروائیں۔

15 منٹ
- املا کی اصلاح کروائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ
- انگریزی میں کہانی پڑھ کر سنائیں۔
  - 10 - 5 بچوں کو موقع دیں کہ وہ انگریزی میں کہانی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 6 کے لئے مندرجہ ذیل چیزوں کا انتظام کریں۔

- 5-6 کاغذ کی تھیلیاں
- کالے رنگ کا کارڈ پیپر
- گوند
- 15 - 10 چھوٹی قینچی
- crayon یا marker

## ہوم ورک

5 منٹ
- گھر سے مضبوط کاغذ کی تھیلی لائیں۔

# سیشن 6

45 منٹ

- کلاس کے کچھ بچے کاغذ کی تھیلی سے بلی اور کچھ بچے چوہا بنائیں گے۔

- بچوں سے کہیں کہ ایک بچہ بلی اور ایک بچہ چوہے کا پپٹ (puppet) اپنے ہاتھ پر چڑھا کر رول پلے کرے۔ جس میں بلی اور چوہا آپس میں بات چیت کریں۔
- بچوں کے بلی اور چوہے کے گروپ بھی بنا کر رول پلے کروایا جا سکتا ہے۔


### پیپر پپٹ (paper puppet) بنانے کا طریقہ:

1 لفافہ کے بند سرے کو دوہرا کریں اور دونوں کناروں کو موڑ کر تکون بنائیں۔ اس طرح جانور کی نوکیلی ناک بن جائے گی۔

2 اب آپ کے پاس جانور کا سر بن جائے گا۔

3 کان، ناک، آنکھیں کالے کارڈ پیپر سے کاٹ کر بنائیں اور جانور کے چہرہ پر گوند سے چپکا دیں۔

4 خیال رکھیں کہ بلی اور چوہے کے کان اور آنکھیں مختلف ہوں۔ بلی کی دو ٹانگیں بھی بنائیں۔



# بلونگڑا کی شرارت

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk